سیشن 2025-26

# پراسپیکٹس



# گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین

حجرہ شاہ مقیم ضلع اوکاڑہ

044-4860826
0333-3094854

بسم الله الرحمن الرحيم

## ترجمہ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے

# تعارف

شہراولیاء حجرہ شاہ مقیم کی دھرتی علم کا آفتاب اپنی کرنوں سے علم وحکمت اور بصیرت کا نور فراہم کرنے والا عظیم روایات اور شاندارنتائج کا حامل ادارہ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین اہل علاقہ کے لئے کسی نعمت سے کم نہیں۔

ادارہ عرصہ دراز سے خواتین کی تعلیم وتربیت کے لئے کوشاں ہے۔کالج کا قیام ستمبر **1994** میں ہوا۔**2001**ء میں کالج باقاعدہ طور پر موجودہ عمارت میں منتقل ہوا۔

کالج ہذا سرکاری اعداد وشمار کے مطابق **32** کنال اراضی پر مشتمل ہے۔منفرد طرزِ تعمیر،سرسبز وشاداب لان،رنگ برنگے پھولوں سے بھی یہ عمارت دلوں کو اسیر کرلیتی ہے۔

کالج ہذا درج ذیل خوبیوں کا حامل ادارہ ہے۔اور یہ وہ خوبیاں ہیں جو اسے دیگراداروں سے ممتاز کرتی ہیں۔

- کوالیفائیڈ سٹاف
- کشادہ کمرہ جماعت
- جدید آلات سے مزین سائنس لیبز
- ٹیکنالوجی کے تمام آلات مزین کمپیوٹر لیب
- 7000 سے زائد قیمتی اور نایاب کتب پر مشتمل لائبریری
- اسکیورٹی کیمروں پر مشتمل مضبوط اسکیورٹی سسٹم
- گراسی لان ماڈل کلاس روم
- تعلیمی وتفریحی سرگرمیاں
- صفائی کا بہترین انتظام
- سمینارز
- ان ڈور اور آؤٹ ڈور کھیلوں کا انتظام
- آن لائن کلاسز کی سہولیات
- PTM کا اہتمام
- پک اینڈ ڈراپ کے لئے کالج بس کی سہولت
- میٹرک، F.A اور B.A کا امتحانی سنٹر
- ٹیسٹوں کا باقاعدہ ماہانہ انتظام
- مستحق طالبات کیلئے فیس معافی اور دیگر وظائف کی سہولت
- موراسکالرشپ PEEF سکالرشپ

کالج کا ماحول اسلامی اور باپردہ ہے۔طالبات کو بغیر اجازت کالج سے باہر جانے کی اجازت نہیں ہے۔گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین جرہ شاہ مقیم کئی عشروں سے طالبات کی تعلیم وتربیت کے لیے کوشاں ہے۔ادارہ سے فارغ التحصیل طالبات ڈاکٹر،انجینئر،نرسنگ،پروفیسرز اور دیگر شعبہ ہائے جات میں اپنی خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔اپنی بیٹیوں کے تابناک مستقبل کے لیے کالج ہذا پر آپ کے اعتماد کے لیے میں شکرگزار ہوں اور وطن عزیز اور کالج ہذا کی ترقی کے لیے دعا گو ہوں۔

دعاگو! پرنسپل مسز شبانہ حسین صاحبہ

کسی قسم کے مسئلہ شکایت یا تجویز کے لیے والدین فون نمبر پر **044-4860826** رابطہ کریں۔

## Vision

معیاری تعلیم اور بہترین علمی ماحول کے ذریعے طالبات کی ذہنی، جسمانی مذہبی اور اخلاقی تربیت کرنا تاکہ وہ معاشرے کے لیے مفید اور مہذب ثابت ہوں۔

## مقاصد

- شخصیت سازی
- خود اعتمادی
- بہترین انسان
- کامیابی
- معاشرتی تربیت

## PTM
### Parent Teacher Meeting

طالبات کی تعلیمی کارکردگی سے آگاہی کے لیے اساتذہ اور والدین میں رابطہ رکھنے کے لیے کالج ہذا میں سال میں دو دفعہ PTM انعقاد کیا جاتا ہے۔

- اساتذہ و والدین کی باہمی مشاورت
- بہترین کارکردگی
- کردار سازی
- طالبات کی تعلیمی سرگرمیوں سے والدین کو آگاہی
- والدین سے مسلسل رابطہ
- باہمی تعاون
- مسائل کا حل

## ہم نصابی سرگرمیاں

کالج ہذا میں طالبات کی دینی و فکری صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے ہم نصابی سرگرمیوں کا انعقاد کیا جاتا ہے جس میں طالبات جوش و خروش سے حصہ لیتی ہیں۔

- یوم آزادی
- یوم اقبال
- محفل میلاد مصطفی
- یوم دفاع پاکستان
- اسپورٹس گالا
- پنجاب ثقافتی میلہ
- فن فیئر
- یوم کشمیر
- خواتین کا عالمی دن
- تعلیمی و تفریحی دورے
- ٹیچر ڈے

# کالج سٹاف

1۔ پرنسپل مسز شبانہ حسین

2۔ شعبہ اسلامیات

مس نبیلہ ناز لیکچرار
ماریہ جاوید لیکچرار
مس طاہرہ ریحان لیکچرار

3۔ شعبہ اردو

مسز مصباح سید اسسٹنٹ پروفیسر
مسز فاطمہ لیکچرار

4۔ شعبہ انگریزی

خالی آسامی لیکچرار
شازیہ لیاقت لیکچرار

5۔ شعبہ بائیولوجی

مس میمونہ لیکچرار

6۔ شعبہ فزکس

خالی آسامی لیکچرار

7۔ شعبہ کیمسٹری

سحرش فرید لیکچرار

8۔ شعبہ فزیکل ایجوکیشن

خالی آسامی لیکچرار

9۔ شعبہ مطالعہ پاکستان

خالی آسامی اسسٹنٹ پروفیسر

10۔ شعبہ تاریخ

خالی آسامی لیکچرار

11۔ شعبہ ریاضی

شگفتہ رزاق لیکچرار

12۔ شعبہ کمپیوٹر سائنس

خالی آسامی لیکچرار

13۔ شعبہ سوشیالوجی

طیبہ نسیم لیکچرار

14۔ شعبہ معاشیات

مسز ماریہ راؤ اسسٹنٹ پروفیسر

15۔ شعبہ سیاسیات

شائستہ سرفراز لیکچرار

16۔ شعبہ فارسی

خالی آسامی لیکچرار

17۔ شعبہ شماریات

خالی آسامی اسسٹنٹ پروفیسر

18۔ شعبہ ایجوکیشن

مس عابدہ عزیز لیکچرار

19۔ شعبہ لائبریرین

خالی آسامی لائبریرین

نوٹ: خالی آسامیوں پر بمطابق گورنمنٹ ہدایات ہر سال CTI تعینات کی جاتی ہیں

## دفتری عملہ

| | |
|---|---|
| میاں منیر احمد | ہیڈ کلرک |
| مسز زلیخا ظفر | سینئر کلرک |
| محمد ارسلان | سینئر کلرک |
| حامد علی | جونیئر کلرک |
| ذوالفقار احمد بھٹی | جونیئر کلرک |
| خالی آسامی | لائبریری کلرک |
| آصف محمود | کیئر ٹیکر |

## سائنس لیب سٹاف

| | |
|---|---|
| عامر جاوید | لیب سپروائزر |
| جمیل احمد | سینئر لیکچرر اسسٹنٹ |
| خالی آسامی | سینئر لیکچرر اسسٹنٹ |
| خالی آسامی | جونیئر لیکچرر اسسٹنٹ |
| خالی آسامی | جونیئر لیکچرر اسسٹنٹ |

## دیگر عملہ

| | |
|---|---|
| عذرا بی بی | نائب قاصد |
| زاہدہ پروین | لیب اٹینڈنٹ |
| کوثر بی بی | لیب اٹینڈنٹ |
| محمد یونس | نائب قاصد |
| حافظ محمد شاہد | نائب قاصد |
| یار محمد | لیب اٹینڈنٹ |
| علی شان | لیب اٹینڈنٹ |
| عامر شاہ | لیب اٹینڈنٹ |

| | |
|---|---|
| غلام فرید | مالی |
| محمد یسین | مالی |
| غلام مصطفی | سینئر چوکیدار |
| غلام مصطفی | سینئر چوکیدار |
| محمد طفیل | چوکیدار |
| عبدالرشید | چوکیدار |
| سلمی ممتاز | خاکروب |

## کالج کونسل

1۔ مسز شبانہ حسین (پرنسپل صدر)
2۔ مسز مصباح سید (وائس پرنسپل سیکرٹری)
3۔ مسز ماریہ راؤ (ممبر)
4۔ مس نبیلہ ناز (ممبر)

## پراکٹوریل بورڈ

1۔ مس نبیلہ ناز چیف پراکٹر
2۔ مسز شازیہ لیاقت ممبر

## داخلہ کمیٹی سائنس

1۔ مسز سحرش فرید
2۔ مس شگفتہ
3۔ مس میمونہ

## انچارج فیس معافی

1۔ مسز مصباح سید

## پرچیز کمیٹی

1۔ مسز شبانہ حسین چیئرمین
2۔ مسز مصباح سید سیکرٹری
3۔ مسز ماریہ راؤ ممبر
4۔ مس نبیلہ ناز ممبر

## رزلٹ کمیٹی بورڈ، یونیورسٹی (انٹرمیڈیٹ)

1۔ مس فاطمہ، ماریہ راؤ (سال اول)
2۔ مس میمونہ، مس شگفتہ (سال دو )

## رزلٹ کمیٹی کالج امتحانات

1۔ مس ماریہ جاوید، مس طاہرہ (سال اول)
2۔ مس سحرش، مس عابدہ (سال دوم)

## رزلٹ کمیٹی یونیورسٹی (ADP)

1۔ مس طاہرہ، مس نبیلہ ناز BS اسلامیات
2۔ مس سحرش، مس شازیہ BS انگلش
3۔ مس میمونہ، مس فاطمہ BS اردو

## ٹائم ٹیبل کمیٹی

1۔ مسز مصباح سید
2۔ مس نبیلہ ناز

## کمیٹی برائے امتحانات

1۔ مسز مصباح سید
2۔ مس نبیلہ ناز
3۔ مس شازیہ

## انوائرنمنٹ پروٹیکشن سوسائٹی

1۔ مسز سحرش فرید
2۔ مسز میمونہ

## PTMکمیٹی

1۔ طیبہ نسیم
2۔ مس شائستہ
3۔ مس شگفتہ

## صفائی کمیٹی

1۔ مس ماریہ جاوید
2۔ مس فاطمہ بی بی
3۔ مس عابدہ عزیز

## کالج میگزین کمیٹی

1۔ مسز مصباح سید
2۔ مسز فاطمہ بی بی
3۔ مسز شازیہ

## کالج میگزین کمیٹی

1۔ مسز مصباح سید
2۔ مسز فاطمہ بی بی
3۔ مسز شازیہ

## ڈرامیٹک سوسائٹی

1۔ مسز مصباح سید اردو ڈیپارٹمنٹ
2۔ مسز فاطمہ بی بی اردو ڈیپارٹمنٹ
3۔ مس نبیلہ ناز اسلامیات ڈیپارٹمنٹ
4۔ مس ماریہ جاوید اسلامیات ڈیپارٹمنٹ
5۔ مسز شازیہ پروین انگلش ڈیپارٹمنٹ

## سالانہ فائن کمیٹی (طالبات)

1۔ مس ماریہ جاوید (سال اول)
2۔ مسز فاطمہ بی بی (سال دوم)
3۔ مسز ماریہ راؤ ADP

## موراا سکالر شپ

1۔ مس نبیلہ ناز

## کالج ماہانہ ٹیسٹ

1۔ مسز عابدہ عبدالعزیز انچارج

# مضامین کا انتخاب

## انٹرمیڈیٹ

**1**۔لازمی مضامین:انگریزی۔اسلامیات۔اردو۔مطالعہ پاکستان **2**۔مندرجہ ذیل مضامین میں سے ایک مکمل گروپ کا انتخاب کریں۔

## (ایف۔اے مضامین)

| | |
|---|---|
| 1 | ایجوکیشن،فزیکل ایجوکیشن،کمپیوٹر |
| 2 | اسلامیات اختیاری،اکنامکس،سوکس |
| 3 | اسلامیات اختیاری،عمرانیات،سوکس |
| 4 | اردوایڈوانس،عمرانیات،کمپیوٹر |
| 5 | ایجوکیشن،اکنامکس،سوکس |
| 6 | ایجوکیشن،عمرانیات،کمپیوٹر |
| 7 | اسلامیات،اکنامکس،کمپیوٹر |
| 8 | اسلامیات اختیاری،عمرانیات،کمپیوٹر |
| 9 | اردوایڈونس،عمرانیات،سوکس |
| 10 | اسلامیات اختیاری،فزیکل ایجوکیشن،سوکس |
| 11 | ایجوکیشن،فزیکل ایجوکیشن،سوکس |
| 12 | ایجوکیشن،عمرانیات،سوکس |
| 13 | ایجوکیشن،فزیکل ایجوکیشن،عمرانیات |
| 14 | اسلامیات اختیاری،فزیکل ایجوکیشن،کمپیوٹر |
| 15 | ایجوکیشن،کمپیوٹر،اکنامکس |
| 16 | |

**2**

### سائنس گروپ

**F.Sc** میڈیکل: بائیولوجی،فزکس،کیمسٹری

**F.Sc** پری انجنیئرنگ: میتھ،فزکس،کیمسٹری

**3**

### کمپیوٹر سائنس گروپ

ICS: کمپیوٹرسائنس،ریاضی،معاشیات

ICS: کمپیوٹرسائنس،ریاضی،فزکس

## بائیولوجی لیب

حجرہ کالج برائے خواتین میں سائنس طالبات کے لیے جدید لات پر مشتمل بائیولوجی، فزکس اور کمیسٹری لیب موجود ہے جو سلیبس کے حوالے سے ہر طرح کے سامان اور آلات سے آراستہ ہے۔



## کمپیوٹر لیب

حجرہ کالج برائے خواتین کی کمپیوٹر لیب تمام جدید آلات سے مزین ہے جس میں ایڈوانس کمپیوٹر LED انٹرنیٹ، ملٹی، میڈیا، اوراپ ٹو ڈیٹ اپریٹنگ سسٹم شامل ہے۔



# ماڈل کلاس روم

طالبات کو جدید تقاضوں کے مطابق علم سے روشناس کرانے کے لیے ماڈل کلاس روم بنایا گیا ہے جو نئے فرنیچر پر مشتمل ہے۔ 55 انچ پر مشتمل LED ماڈل کلاس روم میں نصب کی گئی ہے جس کے ذریعے طالبات کو سائنس، آرٹس پر مشتمل وڈیو لیکچر دیئے جاتے ہیں۔






## اسٹوڈنٹ لائف

حجرہ کالج برائے خواتین میں طالبات کی لیے نصابی و غیرہ نصابی سرگرمیاں وسیع پیمانے پر منعقد کی جاتی ہے جن میں اسپورٹس گالا، اور ورکشاپ، فین فیئر گیٹ ٹوگیدر شامل ہیں۔







## سمینارز

حجرہ کالج برائے خواتین میں طالبات کی علمی جہت کو مزید نکھارنے کے لیے مختلف موضوعات پر سمینارز منعقد کیے جاتے ہیں طالبات کی شخصیت سازی کے لیے لائف اسکلز (Life Skills) لیکچرز دیے جاتے ہیں۔



## لائبریری

حجرہ کالج برائے خواتین کی لائبریری طالبات کی سہولت کے لیے جدید کتب سے آراستہ ہے۔
لائبریری کا مقصد بہترین تعلیم ریسرچ پروگرام، جنرل نالج اور حالات حاضرہ سے متعارف کرانا ہے۔



## سائنس لیب



# ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام (ADP)

## (دوسالہ سمیسٹر سسٹم)

اہل علاقہ کے لیے خوشخبری کہ گورنمنٹ کی نئی پالیسی کے مطابق کالج ہذا میں 2024ء سے ADP سمیسٹر سسٹم دوسالہ (چار سمیسٹر) پنجاب یونیورسٹی سے الحاق شدہ متعارف کرایا گیا ہے، لہٰذا طالبات نئی پالیسی کے تحت ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام میں داخلہ لے سکتی ہیں۔

**نوٹ:۔ ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام میں داخلے کے لیے کسی ایک مضمون کا انتخاب کریں۔**

| | |
|---|---|
| 1 | ADP اسلامیات |
| 2 | ADP اردو |
| 3 | ADP انگلش |

## تبدیلی مضامین

مضامین کا انتخاب کر لینے کے بعد بالعموم ان میں تبدیلی کی گنجائش نہیں ہوتی۔ صرف ناگزیر حالات میں کلاسیں شروع ہونے کی تاریخ سے دو ہفتے کے دوران پرنسپل کی طرف سے عائد کردہ شرائط کے تحت مضامین میں تبدیلی ممکن ہے۔ تبدیلی مضامین کے لیے درخواست پر متعلقہ اساتذہ کی رضامندی حاصل کرنے کے بعد درخواست پرنسپل صاحبہ کو منظوری کیلئے پیش کرنا ہوگی۔ درخواست پر پرنسپل صاحبہ کی طرف سے جاری کردہ فیصلہ متعلقہ اساتذہ کو نوٹ کروانے اور کالج دفتر کے رجسٹر میں جمع ہونے کے بعد تبدیلی مضامین عمل میں آئے گی۔ مقررہ مدت کے بعد کسی کی درخواست پر غور نہیں ہوگا اور اس سلسلے میں کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا۔

## کالج میں داخلہ کے قوائد

**1**۔ داخلہ تعلیمی بورڈ سے منظور شدہ ہدایات کے مطابق شروع ہوگا اور مقررہ تاریخ تک لیٹ فیس کے بغیر یا لیٹ فیس کے ساتھ جاری رہے گا۔

**2**۔ داخلہ کی درخواست صرف کالج ہذا کے مجوزہ فارم پر ہی دی جا سکتی ہے۔ داخلہ فارم کے ہمراہ مندرجہ ذیل دستاویزات منسلک کرنا ضروری ہیں۔

### داخلہ فرسٹ ایئر

**1**- میٹرک رزلٹ کارڈ تصدیق شدہ 3 نقل

**2**- کریکٹر سرٹیفکیٹ (سکول ہذا)

**3**- قومی شناختی کارڈ والد والدہ سرپرست

**4**۔ ڈاک لفافے 5 عدد

**4**- 5 عدد تصاویر پاسپورٹ سائز

**6**- ب فارم کی کاپی دو عدد

### داخلہ تھرڈ ایئر

**1**- FA . /FSC رزلٹ کارڈ یا سند انٹرمیڈیٹ تصدیق شدہ 3 نقول

**2**-S.S.C رزلٹ کارڈ تصدیق شدہ 3 نقل

**3**- قومی شناختی کارڈ والد/ والدہ اسر پرست

**4**۔ ڈاک لفافے 5 عدد

**5**- 4 عدد تصاویر پاسپورٹ سائز

**6**- ب فارم کی کاپی دو عدد

نوٹ:۔ ساہیوال کی حدود کے باہر کے علاقوں سے تعلق رکھنے والی طالبات کو اپنے متعلقہ بورڈ کی جانب سے NOC مہیا کرنا ہوگا۔

# اخراجات سالانہ

## ایف اے/ایف ایس سی (سالانہ)

| نمبر شمار | نام فیس/فنڈ | ایف اے | ایف ایس سی | بی اے |
|---|---|---|---|---|
| 1 | داخلہ فیس | 80/- | 80/- | 225/- |
| 2 | ٹیوشن فیس | 600/- | 600/- | 720/- |
| 3 | جنرل فنڈ | 50/- | 50/- | 50/- |
| 4 | میڈیکل فنڈ | 50/- | 50/- | 50/- |
| 5 | ہلال احمر فنڈ | 60/- | 60/- | 60/- |
| 6 | کالج میگزین فنڈ | 120/- | 120/- | 120/- |
| 7 | لائبریری سیکورٹی | 500/- | 500/- | 500/- |
| 8 | بورڈ/یونیورسٹی رجسٹریشن فیس نوٹیفکیشن کے مطابق | | | |
| 9 | ویلفیئر فنڈ | 50/- | 50/- | 50/- |
| 10 | امتحانی فنڈ | 180/- | 180/- | 180/- |
| 11 | برقعہ فنڈ | 100/- | 100/- | 100/- |
| 12 | سائنس بریکج/پریکٹیکل فنڈ | 60/- | 60/- | 120/- |
| 13 | سٹوڈنٹ کارڈ فنڈ | 50/- | 50/- | 50/- |
| 14 | ٹرانسپورٹ فنڈ | 150/- | 150/- | 150/- |
| 15 | سپورٹس فنڈ | 180/- | 180/- | 180/- |
| 16 | کمپیوٹر فنڈ | 300/- | 300/- | |
| 17 | الحاق فیس | 240/- | 240/- | 360/- |
| | میزان | | | |

# واجبات کی ادائیگی اور جرمانے

1۔کالج کے واجبات صرف مقررہ تاریخ میں واجبات کی وصولی جرمانے کے ساتھ کی جائیگی۔عدم ادائیگی کی صورت میں کالج سے نام خارج کر دیا جائے گا۔

2۔پرنسپل صاحبہ کی خصوصی اجازت کے بغیر کوئی طالبہ مقررہ تاریخوں کے علاوہ کسی اور تاریخ میں فیس جمع کروانے کی حقدار نہیں ہوگی۔

3۔کالج سے غیر حاضری خواہ درخواست کی صورت میں ہی ہو فیس کی عدم ادائیگی کا جواز نہیں ہوگا۔

4۔دو ہفتے یا اس سے زیادہ مدت کے لیے کالج سے بلا وجہ غیر حاضری کی صورت میں کالج سے خارج کر دیا جائے گا خواہ اس طالبہ نے واجبات کی ادائیگی کر دی ہو۔ سے زیادہ مدت کے لیے کالج سے بلا وجہ غیر حاضری کی صورت میں کالج سے خارج کر دیا جائے گا خواہ اس طالبہ نے واجبات کی ادئیگی کر دی ہو۔دوبارہ داخلہ کی صورت میں 250 روپے دوبارہ ادا کرنا ہوں گے۔

5۔کالج میں ایک دن کی غیر حاضری کا جرمانہ 10 روپے ہے۔ایک پیریڈ کی غیر حاضری پورے دن کی غیر حاضری شمار ہوگی۔

6۔کالج کے امتحانات میں غیر حاضری کا جرمانہ 100 روپے فی پرچہ ہے۔

7۔نامکمل یونیفارم کی صورت میں 100 روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

8۔بغیر یونیفارم کی صورت میں 150 روپے جرمانہ ہے۔

9۔فون، کیمرہ، ٹیپ ریکارڈ کالج میں لانے کی صورت میں 1000 روپے جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

10-کالج ٹیسٹ سے غیر حاضری، بے قاعدگی اور کالج کے نظم وضبط کی خلاف ورزی اور کالج قوانین پر خصوصی جرمانے کئے جاسکتے ہیں جو کہ صرف اکاؤنٹ میں جمع ہونگے۔

## وظائف فیس معافی ومالی امداد

1 -کل طالبات کی تعداد کے تناسب سے غریب مستحق اور ذہین طالبات کو نصف فیس معافی (ٹیوشن فیس کا 1 / 2 حصہ) کی رعایت دی جاتی ہے۔فیس میں رعایت کے لیے درخواستیں کالج میں داخلہ کے فوراً بعد مقررہ فارم پر پیش کرنی ہوں گی فیس معافی کی درخواست پر والد سرپرست کے دستخط ہونا ضروری ہیں۔

2۔فیس معافی کی امیدوار طالبہ کو مقررہ تاریخ پر انٹرویو کے لیے فیس معافی کمیٹی کے روبرو پیش ہونا پڑے گا کالج کی اس طالبہ کی نصف ٹیوشن فیس بھی معاف کردی جائے گی جس کا حقیقی بڑا بھائی یا بہن کسی سرکاری تعلیمی ادارے میں زیر تعلیم ہوں اور پوری ادا فیس کررہے ہوں

3۔ ہلال احمر (ریڈ کراس) فنڈ میں سے بھی مستحق طالبات کو امداد دی جاتی ہے مستحق طالبات کو تمام وظائف مالی امداد ارفیس میں مراعات صرف ایک سال کیلیئے دی جاتی ہیں ان رعائتوں کا جاری رہنا بہتر تعلیم نتائج اچھے رویے اور کردار پر منحصر ہے طالبات کی تعلیمی حالت، چال چلن کے غیر تسلی بخش ہونے یا کالج نظم ونسق/قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں تمام مراعات واپس لی جاسکتی ہیں۔4۔ڈسٹرکٹ زکوۃ کمیٹی کی جانب سے بھی مستحق طالبات کو مورا اسکالرشپ دیا جاتا ہے۔

## زرضمانت (سیکورٹی کی واپسی)

کالج چھوڑنے کے بعد واجبات کی ادئیگی کی رسید پیش کرنے پر زرضمانت واپس کیا جائے گا اگر کوئی طالبہ کالج چھوڑنے کے بعد دوسال کے اندر اندر اپنا زرضمانت واپس نہ لے گئی تو زرضمانت زائد المیعاد فنڈ میں داخل ہو کر بحق کالج ضبط ہوگا۔

## امتحانات

1 -یونیورسٹی بورڈ کے سالانہ امتحانات کیلیئے صرف انہی طالبات کے نام بھیجے جاتے ہیں جن کی کارکردگی وچال چلن تسلی بخش ہو۔اور بورڈ کے مقرر کردہ تناسب کے حساب سے تمام مضامین میں حاضریاں پوری کرچکی ہوں۔

2 - طالبات کو دوسال کے دوران کالج میں کم ازکم دو امتحانات دینے ہوں گے جن کی مجموعی کارکردگی بورڈ کو بھیجی جائے گی۔ جو برائے داخلہ امتحان بورڈ کم ازکم درجہ D ہونی چاہیے۔

3۔کالج کیا متحان میں ناجائز ذرائع استعمال کرنے والی طلبہ کو فوری طور پر کرہ امتحان سے نکال دیا جائے گا اس کا پرچہ منسوخ کردیا جائے گا اور فی پرچہ (جس میں ناجائز ذرائع استعمال کئے گئے ہوں۔200 روپے جرمانہ کیا جائے گا۔

4۔امتحانات میں غیر حاضری کے لیے فی پرچہ 100 روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ جو طالبات رخصت لے کر امتحان میں شامل نہیں ہوتی جرمانہ ادا نہیں کریں گی، تاہم وہ رخصت سے متعلقہ پرچے میں فیل تصور کی جائے گی۔
5-امتحان سے طبی وجوہات کی بنا پر رخصت کے لیے ضروری ہے کہ درخواست کے ساتھ کسی مستند ڈاکٹر کا میڈیکل سٹرفکیٹ منسلک ہو طبی وجوہ کی بنا پر رخصت کے باوجود طالبہ فیل تصور کی جائے گی۔
6۔کالج کے سالانہ امتحان میں جو طالبات پرنسپل صاحبہ کی تحریری اجازت رخصت لے کر غیر حاضر ہوں گی وہ ضمنی امتحان میں شریک ہونے کی مجاز ہوں گی۔
7۔مقررہ امتحانات کے علاوہ کلاسوں میں وقتاً فوقتاً مضامین میں ٹیسٹ بھی لئے جاتے ہیں۔ان ٹیسٹوں میں بغیر کسی معقول وجہ کے غیر حاضری پر 50 روپے فی ٹیسٹ جرمانہ ہوگا۔
8-اگر کوئی طالبہ اپنا پیپر گھر لے جائے اور پھاڑ دے تو اس کا 300 سو روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔اور طالبہ متعلقہ مضمون میں فیل ہوگی۔
9۔کالج میں سالانہ امتحان میں آرٹس اور سائنس کے مضامین میں اول آنے والی طالبات کو علیحدہ علیحدہ انعامات دیئے جاتے ہیں۔
10۔ہر مضمون میں اول آنے والی طالبہ کو بھی انعام اور سٹرفکیٹ دیئے جاتے ہیں شرطیکہ اس نے متعلقہ مضمون میں 2 دسمبر ٹیسٹ اور فسٹ ائیر کے پروموشن میں 60 فیصد نمبر لئے ہوں اور باقی تمام مضامین میں پاس ہو۔

## حاضری

صرف وہی طالبات بورڈ کے امتحان میں شریک ہونے کی اہل ہوں گی جنہوں نے دوسری شرائط کے ساتھ ساتھ اپنی کلاسوں میں مندرجہ ذیل تناسب سے حاضریاں پوری کی ہوں۔تمام مضامین میں علیحدہ علیحدہ کلاسوں میں دیئے گئے لیکچروں کی مجموعی تعداد کا 75% ایسے مضامین جن میں تجربات ضروری کے لیے مخصوص پیریڈوں کے مجموعی تعداد 75 بشرطیکہ تجربات کے پیریڈوں کی تعداد 40 سے کم نہ ہو۔

## رخصت کے قواعد

1-صرف ضرورت کے تحت لی جاسکتی ہے۔رخصت کی درخواست میں طالبہ کو اپنا نام کلاس رول نمبر۔تاریخ ڈالنا ہوگی اور رخصت کی وجوہات کی تفصیل لکھنا ہوگی۔
2-طالبات کو رخصت پر جانے سے پہلے درخواست منظور کرنا ہوگی۔رخصت گزارنے کے بعد دی جانے والی درخواستیں صرف استثنائی حالات میں قابل تصور کی جائیں گی۔
3۔پانچ دن سے زائد کی بیماری کی درخواست کے ساتھ کسی مستند ڈاکٹر کی تصدیق / سٹرفکیٹ لازمی ہے۔

## ٹیوٹوریل گروپ

کالج میں طالبات کے متعدد گروپ بنائے جاتے ہیں ہر گروپ کی نگرانی ایک استاد کے ذمہ ہوتی ہے جو ٹیوٹر کہلاتی ہے۔ ہر طالبہ اپنے اپنے رول نمبر کے مطابق کسی ایک ٹیوٹوریل گروپ سے وابستہ ہوگی۔ گروپ کے اجلاس میں حاضری لازمی ہوتی ہے۔ ٹیوٹوریل گروپ کی اصل غرض وغائت اساتذہ اور طالبہ کے درمیان ذاتی سطح قریبی تعلقات قائم کر کے طالبات کے تعلیمی مسائل کا ادارک حل اور نصابی و ہم نصابی سرگرمیوں میں نوجوان نسل کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا ہے۔ ہر طالبہ کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے تمام کاغذات (درخواست وغیرہ) ٹیوٹر کے توسط سے پرنسپل صاحبہ کو پیش کرے۔

## کھیل اور جسمانی تربیت

کھیل اور اچھی صحت تعلیم کا لازمی حصہ ہیں اس لئے ذہنی تربیت کے ساتھ ساتھ کالج میں جسمانی تربیت کی طرف بھی خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ سال **2021** ء میں ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی جانب سے کالجز میں **Fitness Module & Health** متعارف کروایا گیا جس کی روشنی میں کھیلوں کا پیریڈ با قاعدہ ٹائم ٹیبل کا حصہ ہوگا۔ طالبات کو کرکٹ، والی بال، باسکٹ بال، بیڈمنٹن جیسی کھیلوں میں حصہ لینے کے لئے سہولیات مہیا کی جائیں گے۔

## کالج کارڈ، سرٹیفکیٹ

**کالج میں داخلہ لینے کے بعد طالبات کو معینہ مدت کے اندر انچارج کالج کارڈز سے اپنا اپنا کالج کارڈ بنوالینا چاہیے اور اسے کالج میں ہمیشہ اپنے پاس رکھنا چاہیے۔ کالج کارڈ صرف کالج کی باقاعدہ طالبات کو ہی جاری کئے جاتے ہیں۔**

## کالج یونیفارم

کالج کی طالبات کیلئے حسب ذیل یونیفارم مقرر کی گئی ہے۔ جسکی پابندی ہر طالبہ کے لیے ضروری ہے پابندی نہ کرنے پر طالبہ کو جرمانہ کیا جائے گا۔ طالبات کو کسی قسم کا زیور پہننے کی اجازت نہ ہوگی۔ یونیفارم میں سفید سوٹ

جوتے سیاہ رنگ کے، جرسی سیاہ رنگ، سفید سکارف

دوپٹہ فرسٹ ایئر۔ گلابی　سال دوئم۔ نیلا　سال سوئم۔ پیلا　سال چہارم۔ جامنی

# لائبریری

طالبات اور اساتذہ کو مطالعہ کی سہولت بہم پہنچانے کے لیے کالج میں مختلف موضوعات پر مشتمل تقریباً **6000** کتب موجود ہیں جن کی تعداد میں ہر سال اضافہ ہوتا رہتا ہے اس کے علاوہ روزنامے اور رسالہ جات وغیرہ اردو انگریزی زبان میں باقاعدگی کے ساتھ کالج لائبریری میں آتے ہیں۔

# قواعد

**1**۔ کالج کے تمام ملازمین اور طالبات لائبریری سے استعفادہ کر سکتے ہیں۔

**2** - طالبات کو لائبریری کارڈ دکھانے پر کتابیں جاری کی جاتی ہیں صرف اپنے کارڈ پر کتاب جاری کرائی جاسکتی ہے دوسرے کے کارڈ پر کتاب جاری کروانے کی کوشش کرنا جرم ہے۔

**3**۔ ایک وقت میں ایک طالبہ کو صرف ایک ہی کتاب جاری کی جائے گی۔

**4** - طالبات کو جنرل کتب **14** دن اور نصابی کتب **7** دن کے لیے جاری کی جاتی ہیں۔ اس مدت کے بعد **5** یومیہ کے حساب سے جرمانہ وصول کیا جائے گا۔ کالج سے رخصت پر چلے جانے کی صورت میں مقررہ تاریخ کتاب واپس نہ کرنے کا جرمانہ معاف نہیں ہوگا۔

**5** - طالبات کو لائبریری سیکورٹی سے زیادہ مالیت کی کوئی کتاب جاری نہیں کی جائے گی۔ اگر کسی طالبہ کو ضرورت ہو تو ایسی کتاب کی قیمت کے برابر زرضمانت جمع کرواسکتی ہے۔

**6** - کتاب گم ہو جانے کی صورت میں کتاب کی دگنی قیمت مع جرمانہ وصول کی جائے گی۔ اگر کتاب دس سال پرانی ہو تو تین گنا قیمت بمعہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

**7** - کتب حوالہ جات اور نایاب و کامیاب کتب کا اجراء ممکن نہیں بلکہ کالج اوقات کے دوران لائبریری کے اندر ہی ان کا مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔ کالج لائبریری سے طالبات کے لیے موسم گرما میں **8** تا **12** بجے دن اور موسم سرما میں **9** تا **1** بجے کتابوں کے اجراء اور واپسی کے اوقات مقررہ ہیں۔ لائبریری میں کالج کے اوقات کار کے دوران اخبارات اور رسائل مہیا کئے جاتے ہیں۔ طالبات کو چاہیے کہ وہ اپنے فارغ وقت میں مطالعہ کریں۔ مطالعہ خاموشی سے کریں اور اخبارات و جرائد یا ان کا کوئی حصہ نہ پھاڑیں اگر کسی طالبہ نے ایسی حرکت کی تو اس کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

## ڈسپنسری

طبی ضروریات کے پیش نظر کالج میں ایک ڈسپنسری قائم کی گئی ہے۔ جہاں ابتدائی طبی امداد سے متعلقہ ادویات فراہم کی جاتی ہیں۔

## کالج کا نظم وضبط

1۔ کسی استاد سے گستاخانہ رویہ رکھنے کسی ملازم سے بدتمیزی کرنے یا کالج املاک کو نقصان پہنچانے والی طالبہ کو ایک سال یا زیادہ مدت کے لیے کالج سے نکالا جاسکتا ہے۔
2۔ جھگڑالو اور دنگا فساد کرنے والی طالبات کو تعلیم جاری رکھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔
3- کالج کی مقررہ یونیفارم پہن کر کالج آنا ہوگا۔
4۔ تمام طالبات کو اپنے اپنے شناختی کارڈ اپنے پاس رکھنا ہوگا۔
5۔ دو ہفتے یا اس سے زیادہ مدت تک بلا جواز اور بلا اجازت کالج سے غیر حاضر رہنے والی طالبات کا نام کالج سے خارج کر دیا جائے گا۔
6۔ کسی قسم کی گروہی، فرقہ وارانہ اور سیاسی سرگرمیوں کی اجازت نہیں ہوگی۔
7- کالج پرنسپل کی تحریری اجازت کے بغیر چندہ وغیرہ لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔
8- کالج لان سے پھول توڑنے کی اجازت نہیں ہوگی۔
9۔ ہڑتال کرنے یا ساتھی طالبات کو ہڑتال پر اکسانے اور کسی قسم کے مظاہرے کی اجازت نہیں ہوگی۔ اساتذہ کرام ڈسپلن کمیٹی، پراکٹوریل بورڈ طالبات میں نظم وضبط کی ذمہ دار ہوں گی۔
10 - طالبات پراسپیکٹس میں درج جملہ احکامات پر عمل کرنے کی پابندی ہوں گی نیز جو احکامات وقتاً فوقتاً کالج انتظامیہ کی جانب سے جاری کئے جائیں گے ان کی پابندی لازما کرنا ہوگی۔ ایسی طالبات سزا کی مستحق قرار پائیں گی جو پراسپیکٹس اب تک دیئے گئے اصولوں اور ضابطوں میں سے ایک یا زیادہ کی خلاف ورزی کی مرتکب ہوں گی کالج کے نظم وضبط اور قوانین کی سنگین خلاف ورزی کی مرتکب طالبات کے خلاف فیصلہ کالج کونسل کرے گی اور جرم ثابت ہونے پر ایسی تمام طالبات کے نام سیاہ لسٹ (**Black List**) میں درج کئے جائیں گے۔ اور انہیں کم از کم **50** روپے جرمانہ کیا جائے گا۔ سیاہ لسٹ میں درج ہونے والی طالبات کو حسب ذیل سزائیں دی جائیں گی۔

ا۔جس طالبہ کا نام سیاہ فہرست میں ہوگا۔اسے کالج سے ملنے والی تمام رعایتوں سے محروم کر دیا جائے گا۔
ب۔ایسی طالبہ کالج میں کسی عہدہ کی اہل نہیں ہوگی۔
ج۔ایسی طالبات کو کھیل تعلیم سے متعلق امتیازی سند کا اعزازی نشان نہیں دیا جائے گا۔
د واقعات/صورت حالات کے متعلق طالبہ کے والدین اسر پرست کو آگاہ کیا جائے گا۔
اگر کوئی طالبہ اپنے بلیک لسٹ ہونے پر کالج چھوڑ جائے گی تو اس وقت تک دوبارہ کالج میں داخلہ نہیں دیا جائے گا جب تک کہ اس کا نام سیاہ لسٹ سے خارج نہ ہو جائے،
تعلیمی سال کے دوران تین ماہ تک بلیک لسٹ رہنے کے بعد اگر طالبہ بہترین رویہ کا اظہار کرتی ہے اور اس کے ٹیوٹر و متعلقہ استاد اس کے نیک رویے اور عمدہ چال وچلن کی تصدیق کے ساتھ ساتھ سفارش کرتی ہیں تو اس کا نام سیاہ رجسٹر سے خارج کیا جا سکتا ہے کالج کونسل کسی طالبہ کو کالج سے نکالنے کی مجاز ہے نیز اسے خاص مدت کے لیے کسی طالبہ کو اپنے زیرنگرانی رکھنے کا اختیار بھی حاصل ہے کالج کونسل کے فیصلے کے خلاف کسی قسم کی اپیل نہیں کی جا سکتی۔کالج ایڈمنسٹریشن بلاک کے اندر بلاوجہ گھومنا اور دیواروں پر لکھنا منع ہے۔

خیراندیش: پرنسپل مسز شبانہ حسین صاحبہ

# قومی ترانہ

پاک سرزمین شاد باد
کشورِ حسین شاد باد
تونشانِ عزمِ عالیشان
ارضِ پاکستان!

مرکزِ یقین شاد باد

پاک سرزمین کا نظام
قوتِ اخوتِ عوام
قوم، ملک، سلطنت
پائندہ تابندہ باد

شاد باد منزلِ مراد

پرچمِ ستارہ و ہلال
رہبرِ ترقی و کمال
ترجمانِ ماضی شانِ حال
جانِ استقبال!

سایۂ خدائے ذوالجلال

"Do good to every one without any expection"
as an old proveb says, Fragrance always remains
in the hand of those who distribute roses.







# GOVT. ASSOCIATE COLLEGE FOR WOMEN

## HUJRA SHAH MUQEEM (OKARA)

044-4860826 0333-3094854

Shafique Studio Hujra Shah Muqeem 0325-6523927